© rasailojaraid.com

ہیں۔(۱) تدوین فقہ کی اہمیت و ضرورت (۲) امام صاحب کا مقام تابعیت (۳) امام صاحبؒ کا علم حدیث میں مقام (۴) اعتراضات کا جواب (۵) امام صاحبؒ کی تصانیف۔

کتاب کا چونکہ سارا مواد تحقیقی ہے، اس لیے گو کمًا یہ مجموعہ بڑا نہیں، مگر کیفاً یقیناً اس کا شمار بڑی تالیفات میں ہوگا۔ خودرائی کے اس دور میں جب کہ اپنے سلف صالحین سے اعتماد ختم کرنے کی آندھیاں چل رہی ہیں، تو ان حالات میں ایسی محققانہ کتب عقیدہ اور نظریہ کی پختگی میں مددگا ثابت ہوں گی۔ کتاب کا مطالعہ مدرسین و منتہی طلبا کے لیے مفید تر ہے اور دوسروں کے لیے بھی نافع ہوگا، امید ہے کہ اہل علم قدر دانی کا ثبوت دیں گے۔

**سید عطاء اللہ شاہ بخاریؒ** ......ترتیب وتبویب: مولانا محمد اسماعیل شاہ عبادی، ملنے کے پتے: عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے دفاتر، صفحات: ۵۸۹، قیمت ۲۲۰/روپے

حضرت مولانا سید عطاء اللہ شاہ صاحب بخاری رحمہ اللہ تعالیٰ کی شخصیت کسی تعارف کی محتاج نہیں ہے۔ آپ نے اپنی سحر بیانی سے برصغیر کے مسلمانوں کے قلوب کو اپنے دور میں خوب گرمایا۔ باطل فرقوں خصوصاً قادیانیت کے دجل وفریب کو عوامی سطح پر واضح کرنے میں آپ کا اور آپ کے رفقا کا بنیادی اور بڑا حصہ ہے۔ خاتم المحدثین حضرت مولانا سید محمد انور شاہ صاحب کشمیری رحمہ اللہ کے تعمیل ارشاد نے تو اس میں مزید در مزید قوت بخش دی۔ خوب کہا مولانا ظفر علی خان نے۔

کانوں میں گونجتے ہیں بخاری کے زمزمے — بلبل چہک رہا ہے ریاضِ رسول میں

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے مرکزی مبلغ حضرت مولانا محمد اسماعیل صاحب شجاع آبادی کو اللہ پاک نے کاروانِ ختم نبوت کے زعما کی تصویر قوم کے سامنے پیش کرنے کا ذوق خوب بخشا ہے۔ زیرِ تبصرہ کتاب بھی اسی کا ایک حصہ ہے۔ کتاب چار ابواب پر مشتمل ہے۔ باب اول ''سوانح حضرت امیر شریعت''، باب دوم ''منظوم خراج تحسین''، باب سوم ''خطبات امیر شریعت''، باب چہارم مکتوبات۔ آخر میں جناب طالوت کا ایک مضمون حضرت ''شاہ جی مرحوم کے ذوق شعر'' سے متعلق ہے۔

کتاب کے مطالعہ سے محسوس ہوتا ہے کہ مولانا موصوف نے ترتیب وتدوین میں خاصی محنت کی ہے۔ دور حاضر میں اس امر کی خاص ضرورت ہے کہ اپنے حضرات اکابر کے ذوق وفکر کو خوب اجاگر کیا جائے تاکہ موجودہ نسل اس سے مستفید ہو۔ کتاب کی طباعت عمدہ ہے، مگر فہرست میں صفحہ نمبر ۵ پر صفحہ نمبر ۸ مکرر شائع ہوگیا اور اصل صفحہ نمبر ۵ غائب ہے۔ پیسٹنگ میں ایسا ہو ہی جاتا ہے۔ امید ہے کہ آئندہ طباعت میں اس کو درست کر دیا جائے گا۔

**سید محمد یوسف بنوری** ......مرتبہ: مولانا محمد اسماعیل شجاع آبادی، ناشر: عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت، ملتان صفحات: ۴۲۸، قیمت ۲۲۰/روپے

محدث جلیل حضرت مولانا محمد یوسف بنوریؒ جلیل القدر علمی، روحانی، نظریاتی، جامع شخصیت تھے۔ جامعہ العلوم الاسلامیہ بنوری ٹاؤن کراچی کے بانی مدیر وشیخ الحدیث۔ عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے پانچویں امیر تھے۔ حضرت


© rasailojaraid.com